سوال

(189)اگر غروب آفتاب کے بعد افطار سے پہلے حیض آجائے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہندہ نے رمضان کا روزہ رکھا آفتاب غروب ہوگیا مگر ہنوز افطار نہیں کیا ہے کرنے کا ارادہ کیے ہوئے ہے کہ اتنے میں حیض آگیا اس کو روزہ قضا کرنا پڑے گا یا نہیں ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں ہندہ کا روزہ پورا ہوگیا کیونکہ روزے کی تعریف اس پر صادق آگئی لہٰذا ہندہ کو اس روزے کی قضا کرنا نہیں پڑے گا ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الصوم، صفحہ: 374

محدث فتویٰ